مجلس التحقيق الاسلامي......ایک نظر میں

[مرکز علم و تحقیق]

عالمِ اسلام میں بالخصوص اور برصغیر پاک وہند میں بالعموم فکری گروہوں کے بڑھتے ہوئے انتشار، مذہبی و مسلکی شدت پسندی، فقہی جمود و تعصب، بے لگام علم و تحقیق اور جدیدیت کے نام پر مسلمات سے انحرافات نے فکر اسلامی کو بازیچۂ اطفال بنا کے رکھ دیا تھا، چنانچہ اسلامی معاشرے میں تعصب کے بالمقابل اِفہام و تفہیم کی فضا کے قیام، جدید تقاضوں کے مطابق فکرِ سلف اور فقہائے محدثین کے نہج پر تحقیقی خطوط کی توضیح اور راہِ اِعتدال کے نقوش کو پھر سے اُجاگر کرنے کے لئے ۱۹۶۸ء میں حافظ عبد الرحمٰن مدنی ﷾ کی زیر سرپرستی مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کا قیام عمل میں لایا گیا، جو عرصہ ۴۰ سال سے مذکورہ نہج پر مسلسل خدمات سرانجام دی رہی ہے۔ مجلس التحقیق الاسلامی کے حالیہ انچارج رمنتظم حافظ حمزہ مدنی ﷾ ہیں۔ ان دنوں 'مجلس' کے تحت مندرجہ ذیل اِدارے مصروفِ عمل ہیں:

❶ مراکز تحقیق

- کتب لائبریری (عربی، اُردو اور انگریزی میں تقریباً ۳۰ رہزار مصادری کتب کا ذخیرہ)
- رسائل لائبریری (ڈیڑھ صدی میں شائع شدہ ۷۰۰ اُردو و عربی مجلّات کا مکمل ریکارڈ)
- سافٹ ویئرز و کیسٹ لائبریری (علوم قرآن و حدیث، جدید مسائل پر لیکچرز، دنیا بھر سے جمع کردہ اسلامک سافٹ ویئرز کا قیمتی ریکارڈ، مشاہیر قراء کی تلاوتیں اور مقررین کی تقاریر)

❷ تحقیق و تصنیف

- مختلف عالمی موسوعات کی تیاری (موسوعہ قضائیہ، موسوعہ اِشاریہ جات، موسوعہ قراءات)
- جدید موضوعات پر مضامین کی تیاری اور ماہانہ سیمینارز کا انعقاد
- تراجم کتب اور متعدد موضوعات پر کتب کی تیاری
- محققین کی تیاری (فضلاے مدارس کی تحریری صلاحیتوں کے نکھار کے لیے ایک سالہ کورس)
- دار الافتاء کا قیام
- مخصوص اوقات میں روحانی علاج معالجہ کا اہتمام

❸ نشر و اشاعت

- کتب کی طباعت
- میگزین کا اجرا (ماہنامہ 'محدث'، ماہنامہ 'رُشد')
- ویب سائٹس کا قیام (www.kitabosunnat.com, www.mohaddis.com)
- ایف ایم ریڈیو اور موبائل دعوہ سروس